# الہدیٰ

## ایک نظر میں

ePamphlet



الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن پاکستان، کمپنیز آرڈیننس کے تحت ایک رجسٹرڈ، غیر سرکاری اور غیر منافع بخش ادارہ ہے جو 1994 سے اسلامی تعلیمات کے فروغ اور خدمتِ خلق کے میدان میں سرگرمِ عمل ہے۔ یہ ادارہ باقاعدہ ایک بورڈ آف ڈائریکٹرز کے زیرِ نگرانی کام کرتا ہے۔ ادارے کو دیئے جانے والے عطیات انکم ٹیکس سے مستثنیٰ ہیں اور اس کے حسابات کا سالانہ آڈٹ کروایا جاتا ہے۔

## مقاصد

- ہر طرح کے تعصب اور فرقہ واریت سے پاک اسلامی اقدار و افکار کو خالص علمی اور تحقیقی بنیادوں پر فروغ دینا۔
- معاشرے کے پسماندہ اور ضرورت مند افراد کی فلاح و بہبود کے لئے کام کرنا۔

ان مقاصد کے حصول کے لئے فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام مختلف شعبہ جات مصروفِ عمل ہیں۔

## شعبہ تعلیم و تربیت

اس شعبہ کا بنیادی مقصد مستند اسلامی تعلیمات کے ذریعے عمدہ اخلاق و کردار کے حامل ایسے افراد تیار کرنا ہے جو ذاتی اصلاح کے ساتھ ساتھ معاشرے کے دیگر افراد کو خلوصِ نیت، شوق، محنت اور ذمہ داری سے علم و عمل کی روشنی سے منور کریں۔ یہ شعبہ خواتین، مردوں اور بچوں میں دینی شعور اجاگر کرنے کے علاوہ انہیں معاشرتی فلاح و بہبود کے کاموں کے لئے بھی مؤثر طور پر تیار کر رہا ہے۔

فاؤنڈیشن کے تحت سب سے پہلے اسلام آباد میں الھدیٰ انسٹیٹیوٹ آف اسلامک ایجوکیشن فار ویمن قائم کیا گیا جہاں درج ذیل کورسز کروائے جا رہے ہیں:

**تعلیم القرآن کورس:** یہ ایک سالہ ڈپلومہ کورس طالبات کی سہولت کے پیشِ نظر سال میں تین مرتبہ اُردو اور ایک مرتبہ انگریزی میں پیش کیا جاتا ہے۔ خواتین

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

کے لئے یہ کورس دو سال کی مدت میں مکمل کرنے کی سہولت بھی موجود ہے۔

یہی کورس الھدیٰ انسٹیٹیوٹ فار مین اسلام آباد میں نوجوان لڑکوں اور مرد حضرات کے لیے بھی ایک سال کی مدت میں کروایا جاتا ہے۔

• اس کورس میں درج ذیل مضامین کی تعلیم دی جاتی ہے:

قرآنِ مجید مع لفظی ترجمہ وتفسیر، تجوید، علوم القرآن، حدیثِ نبوی ﷺ، علوم الحدیث، سیرت النبی ﷺ، فقہ العبادات، مسلم ہیروز، عقیدہ، عربی گرامر، تعارفِ ادیان، ابلاغِ دین، خطاطی، دعائیں اور اذکار۔

**تدبر القرآن کورس:** تعلیم القرآن کورس سے فارغ التحصیل طالبات کی علمی پختگی اور قرآنِ مجید میں تدبر کی صلاحیت کو مزید نکھارنے کے لیے یہ کورس سال میں تین مرتبہ پیش کیا جاتا ہے۔ طالبات میں اس کورس کے ذریعے عربی تفاسیر سے استفادہ کرنے اور علمی تحقیق کی صلاحیت بھی اجاگر کی جاتی ہے۔

**فہم القرآن کورس:** اس کورس میں مکمل قرآنِ مجید کا رواں ترجمہ اور مختصر تفسیر کروائی جاتی ہے۔ منتخب سورتوں کا حفظ وتجوید، دعائیں، اذکار، وضو اور نماز کی ادائیگی کا مسنون طریقہ بھی سکھایا جاتا ہے۔

**ترجمہ وتفسیر قرآن کورس:** اس کورس میں قرآن مجید کی تجوید، لفظی ترجمہ وتفسیر اور دعائیں شامل ہیں۔ یہ کورس ایسے افراد کے لیے پیش کیا جاتا ہے جو اپنے محدود وقت کے باعث تعلیم القرآن کورس میں داخلہ نہیں لے سکتے۔

**تحفیظ القرآن کورسز:** قرآنِ مجید حفظ کرنے کا شوق رکھنے والی طالبات کے لئے مکمل قرآنِ مجید کے حفظ کے علاوہ مختلف سورتوں پر مبنی حفظ کورسز کروائے جاتے ہیں۔ ان کورسز میں حفظ کی پختگی اور قرآن فہمی پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔

**تعلیم التجوید کورسز:** طلبہ کی سہولت اور علمی استعداد کو مدِ نظر رکھتے ہوئے تعلیم التجوید کورس کو تین لیولز میں تقسیم کیا گیا ہے۔

پہلے لیول میں ناظرہ قرآنِ مجید، دوسرے لیول میں قرآنِ مجید کو تجوید سے پڑھنا اور تیسرے لیول میں تلاوتِ قرآن کی مہارت کے ساتھ ساتھ ناظرہ وتجوید کی تعلیم دینے کا طریقہ بھی سکھایا جاتا ہے۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

**تعلیم القراءات العشرۃ الصغریٰ کورس:** تعلیم القرآن کورس کرنے کے بعد علم القراءات کا شوق رکھنے والی طالبات کے لئے شاطبیہ و درّہ کے طریق سے عشرۃ قراءات کو سیکھنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔

**تعلیم الحدیث کورس:** تعلیم القرآن کورس مکمل کرنے کے بعد طالبات میں حدیث رسول ﷺ کی حکمت سمجھنے اور آپ ﷺ کی پیروی کا شعور بیدار کرنے کے لئے یہ کورس کروایا جاتا ہے۔اس کورس میں صحیح بخاری سے منتخب ابواب کو عربی متن، ترجمہ اور حدیث کی شرح کے ساتھ پڑھایا جاتا ہے۔اس کے علاوہ اس کورس میں طالبات کو لائف سکلز اور تدریس کے عملی طریقے بھی سکھائے جاتے ہیں۔

**ہفتہ وار کورسز:** سکول، کالج و یونیورسٹی کے طلبہ اور ملازمت پیشہ افراد کی سہولت کے لئے قرآن و حدیث کی تعلیمات پر مشتمل ہفتہ وار مختلف کورسز پیش کئے جاتے ہیں۔

**سمر کورسز:** موسم گرما کی تعطیلات کے دوران مختصر دورانیے پر مبنی سمر کورسز کروائے جاتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** مضامین کی نوعیت کے مطابق روایتی طریقہ تدریس کے علاوہ لیکچرز کو جدید سمعی و بصری معاون وسائل (audio visual aids) اور ملٹی میڈیا پریزنٹیشنز کے ذریعے مؤثر اور دلچسپ بنایا جاتا ہے۔اس کے علاوہ طلبہ کو ریسرچ ورک، فیلڈ ورک اور سروے بھی کروائے جاتے ہیں۔

**لائبریری:** تعلیم و تحقیق کے کام میں معاونت کے لیے 30 ہزار سے زائد کتب پر مشتمل لائبریری کی سہولت موجود ہے۔

**ہاسٹل:** دیگر شہروں سے آنے والی طالبات کی رہائش کے لیے ہاسٹل کی سہولت بھی فراہم کی جاتی ہے۔

**رجسٹرڈ برانچز:** انسٹیٹیوٹ کے علاوہ الہدیٰ کی رجسٹرڈ برانچز میں بھی مختلف دورانیے کے کورسز کروائے جاتے ہیں۔کامیاب ہونے والی طالبات کو باقاعدہ سرٹیفکیٹس جاری کیے جاتے ہیں۔

© ALHUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

**بنیادی تعلیمی پروگرام:** اس پروگرام کے تحت ناخواندہ اور کم تعلیم یافتہ افراد کے لئے ناظرہ قرآن، مختصر اور عام فہم تفسیر، بنیادی عقائد، عبادات کے مسنون طریقے اور اسلامی آداب و اخلاق پر مشتمل **اقرأ، روشنی کی کرن اور روشنی کا سفر** کورسز کروائے جاتے ہیں جن میں بنیادی مہارتوں اور لکھنے پڑھنے کی تربیت بھی دی جاتی ہے۔

**ہمارے بچے:** اس پروگرام کے تحت 5 سے 13 سال تک کے بچوں کے لئے **مفتاح القرآن** کے نام سے شام کے اوقات میں ناظرہ کلاسز کروائی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے ہفتہ وار تربیتی کورسز **منار الاسلام، مصباح القرآن** اور **ریئلیٹی ٹچ** (RealityTouch) بھی کروائے جاتے ہیں۔ گرمیوں کی چھٹیوں میں بھی بچوں کے لئے مختلف کورسز کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

**امہات پروگرام:** ہمارے بچے پروگرامز میں شریک ہونے والے بچوں کی ماؤں کے لئے قرآن فہمی، تعمیر شخصیت، تربیتِ والدین اور تربیتِ اولاد کے موضوع پر کلاسز کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

• اسپیشل بچوں کی تربیت اور انہیں دین کی بنیادی باتیں سکھانے کے لئے ہمارے بچے ڈیپارٹمنٹ کے تحت ہفتہ وار **سکینہ پروگرام** کلاسز کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔

**برائے تفصیلات:** www.hamaraybachchay.com

**ٹیچرز ٹریننگ پروگرام:** سرٹیفائیڈ ماسٹر ٹرینرز کے زیر نگرانی الہدیٰ اور دیگر تعلیمی اداروں کے اساتذہ کے لئے حکومتی نصاب پر مشتمل **ناظرہ قرآن اور مطالعہ قرآن حکیم** کتب کی تدریس کے طریقوں کی ٹریننگ دی جاتی ہے۔

## فاصلاتی تعلیم

جو افراد الہدیٰ انسٹیٹیوٹس یا برانچز میں باقاعدہ داخلہ نہیں لے سکتے ان کے لئے طویل اور مختصر دورانیہ کے مختلف کورسز فاصلاتی طریقہ تعلیم کے ذریعے کروائے جاتے ہیں۔ اس طریقہ تعلیم کے تحت **خط و کتابت کورسز اور آن لائن کورسز** پیش کیے جاتے ہیں۔ اِن کورسز کے ذریعے **اندرون و بیرون ملک** سے ہزاروں افراد گھر بیٹھے قرآنِ مجید کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

**الھدیٰ ای لرننگ (e-Learning):** جدید ٹیکنالوجی پر مبنی ایک ایسا لرننگ مینجمنٹ سسٹم (LMS) ہے جس کے ذریعے مختلف کورسز ماہر اساتذہ کی زیرنگرانی آڈیو، ویڈیو پریزنٹیشنز کے ذریعے سے پوری دنیا میں پیش کیے جاتے ہیں۔ اس سسٹم کے ذریعے قرآن وسنت کا علم منظم اور عمدہ انداز میں گھر بیٹھے افراد تک پہنچانا انتہائی آسان ہوگیا ہے۔

**برائے تفصیلات:** www.e-alhuda.com

**الھدیٰ ورچوئل کیمپس (Virtual Campus):** اس کیمپس کے تحت کروائے جانے والے مختلف کورسز سے دنیا بھر کی خواتین اور مرد حضرات مستفید ہورہے ہیں۔ یہ کورسز اردو اور انگریزی زبان میں پیش کیے جاتے ہیں جن سے طلبہ اپنی سہولت کے مطابق ہفتے کے کسی بھی دن اور کسی بھی وقت استفادہ کرسکتے ہیں۔ ان کورسز کی تکمیل پر طلبہ کو سرٹیفکیٹس بھی دیئے جاتے ہیں۔

**برائے رابطہ:** +92-333-1532872

## الھدیٰ انٹرنیشنل اسکول (AIS)

الھدیٰ انٹرنیشنل اسکول کا آغاز ستمبر 2010 میں اسلام آباد سے ہوا۔ بعدازاں اس کے کیمپس کراچی، سیالکوٹ، پشاور اور فیصل آباد میں بھی قائم کیے گئے جن کی تعداد 8 ہے۔ یہ اسکول اب الھدیٰ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی زیرِ نگرانی کام کررہے ہیں، جہاں مونٹیسوری سے بارھویں جماعت تک تعلیم دی جاتی ہے۔ یہاں بچوں کو ایسا ماحول فراہم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے جس میں وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی صحیح پہچان حاصل کرسکیں اور نبی کریم ﷺ کے اسوۂ حسنہ کو اپنا کر ایک متوازن شخصیت کے حامل سچے مسلمان اور مفید شہری بن سکیں۔

**برائے تفصیلات:** www.aispk.org

**الھدیٰ کمیونٹی اسکولز: (ACS)** الھدیٰ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے تحت کمیونٹی اسکولز بھی کام کررہے ہیں جہاں ضرورت مند بچوں کو معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ یونیفارم اور کتابیں بھی مفت فراہم کی جاتی ہیں۔ اس وقت ملک بھر میں 8 کمیونٹی اسکولز اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

**برائے تفصیلات:** www.alhudacs.org

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

## شعبہ سماجی رہنمائی (Guidance Zone)

دینی اور سماجی امور سے متعلق سوالات کے جوابات قرآن وسنت کی روشنی میں باقاعدہ تحقیق کے بعد دیئے جاتے ہیں۔ سوالات بذریعہ ای میل اور واٹس ایپ موصول کیے جاتے ہیں۔

**ای میل:** info@alhudapk.com **واٹس ایپ:** 0336-5156128

**کاؤنسلنگ:** نفسیاتی اور سماجی مسائل سے دوچار خواتین کو قرآن وسنت کی روشنی میں انفرادی ملاقات یا بذریعہ فون رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔

**برائے رابطہ:** +92-51-4866125-9

## شعبہ خدمتِ خلق

یہ شعبہ معاشرے کے پسماندہ اور ضرورت مند افراد کی فلاح و بہبود اور معاشی بہتری کے ساتھ ساتھ ان کی تعلیم وتربیت کے لئے باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت کام کر رہا ہے۔ خدمتِ خلق کے کام کی وسعت اور مؤثر تنظیم کے پیشِ نظر اسے دو بڑے حصّوں "پراجیکٹس" اور "سروسز" میں تقسیم کیا گیا ہے۔

### ویلفیئر پراجیکٹس

**فراہمی آب:** ملک بھر کے دور دراز علاقوں میں پینے کا صاف پانی فراہم کرنے کے لئے حسبِ ضرورت کنوئیں کھدوانے، بورنگ کروانے، ٹیوب ویل، الیکٹرک واٹر کولر اور ہینڈ پمپ لگوانے کا انتظام کیا جاتا ہے۔

**الہدیٰ دسترخوان:** یہ پراجیکٹ اس لحاظ سے منفرد ہے کہ یہاں کھانا کھلانے کے ساتھ ساتھ دینی تربیت کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔

**رمضان سپورٹ پروگرام:** ماہ رمضان میں بڑے پیمانے پر معاشرے کے مسکین اور ضرورت مند افراد کو امدادی رقوم دی جاتی ہیں۔ بعض مقامات پر سحری وافطاری کروانے کا انتظام بھی کیا جاتا ہے۔

**عیدالاضحیٰ قربانی پراجیکٹ:** ملک بھر کے متعدد علاقوں میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کروائی جاتی ہے جس سے بے شمار مستحقین مستفید ہوتے ہیں۔

© ALHUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

**موسم سرما امداد:** شدید سردی سے بچاؤ کے لئے مختلف علاقوں کے ضرورت مند افراد میں خشک راشن، گرم کپڑے اور لحاف تقسیم کیے جاتے ہیں۔

**شجر کاری:** ماحول کو صاف اور خوشگوار رکھنے کے لئے مختلف علاقوں میں پھل دار اور سایہ دار درخت لگوائے جاتے ہیں نیز طالبات کو پودے لگانے کی ترغیب دینے کے لئے کم قیمت پر پودے مہیا بھی کئے جاتے ہیں۔

**ووکیشنل سینٹر:** الہدیٰ کی مختلف برانچز کی زیرِنگرانی ووکیشنل سینٹرز قائم کئے گئے ہیں تاکہ ضرورت مند خواتین کو قرآن وسنت کی تعلیم کے ساتھ ساتھ مختلف ہنر سکھا کر خود کفیل بننے میں مدد دی جاسکے۔

**قیدیوں کی مدد:** اس مہم کے تحت ایسے قیدیوں کی رہائی کے لئے مالی تعاون فراہم کیا جاتا ہے جو محض جرمانہ ادا نہ کر سکنے کی وجہ سے سزا بھگت رہے ہیں نیز قیدی خواتین کی اصلاح کے لئے تعلیم وتربیت کا بھی انتظام کیا جاتا ہے۔

**ہنگامی امداد:** سیلاب، زلزلے، حادثات یا کسی بھی ناگہانی آفت کی صورت میں متاثرین کی فوری مدد کے لئے راشن، کپڑے، ٹینٹ اور بنیادی ضرورت کی اشیاء فراہم کی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ قدرتی آفات سے متاثرہ خاندانوں کے لئے گھر بھی تعمیر کروائے جاتے ہیں۔

**یتیم خانہ:** یتیم بچوں کی پرورش اور تعلیم وتربیت کے لئے پشاور ریجن کے تحت ''الہدیٰ گلونہ'' کے نام سے ایک یتیم خانہ کام کر رہا ہے۔

## ویلفیئر سروسز

**تعلیمی وظائف:** الہدیٰ میں مستحق طلبہ کو تعلیمی وظائف دیئے جاتے ہیں۔

- سال میں ایک بار کسی بھی یونیورسٹی کے مستحق اور ذہین طالبِ علم کو ''ڈاکٹر فرحت ہاشمی اسکالرشپ'' دیا جاتا ہے۔

**امداد برائے روزگار:** سفید پوش افراد کو باعزت روزگار شروع کرنے کے لئے مالی امداد فراہم کی جاتی ہے تاکہ وہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکیں۔

**ماہانہ مالی امداد:** بیواؤں، یتیموں اور مستحق خاندانوں کی بنیادی ضروریاتِ زندگی کی تکمیل کے لئے ماہانہ مالی وظائف کے ذریعے مدد کی جاتی ہے۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

**راشن کی فراہمی:** ماہانہ بنیادوں پر مستحق اور نادار افراد کو راشن فراہم کیا جاتا ہے۔

**میرج بیورو:** مناسب رشتوں کی تلاش میں والدین کو سہولت فراہم کی جاتی ہے۔

**امداد برائے شادی:** مستحق لڑکوں اور لڑکیوں کی شادی کے لئے بنیادی ضروری اشیاء یا نقد رقم فراہم کی جاتی ہے۔

**صحت عامہ:** صحت عامہ سے آگاہی کے لیے مختلف شہروں میں آگاہی پروگرام منعقد کئے جاتے ہیں، **میڈیکل کیمپس** لگانے کا انتظام کیا جاتا ہے اور مستحق مریضوں کے علاج و معالجہ کے لئے مالی مدد بھی کی جاتی ہے۔

**تجہیز و تدفین:** الہدیٰ کی غسل میت کی رضا کار ٹیمیں مختلف علاقوں میں میت کو مفت غسل دینے کا کام سرانجام دیتی ہیں۔ مستحق گھرانوں میں میت کے لئے کفن کی فراہمی اور قبر کی کھدائی کا مفت انتظام بھی کیا جاتا ہے۔اس کام کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے الہدیٰ کی زیرِ تعلیم طالبات اور دیگر خواتین کو غسل میت و تکفین کی عملی تربیت دی جاتی ہے۔

## شعبہ نشر و اشاعت

قرآن و سنت کا پیغام عوام الناس تک پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کے ذریعہ پہنچایا جاتا ہے۔اس شعبہ کے تحت درج ذیل سرگرمیاں جاری ہیں:

**تحقیق و اشاعت:** یہ شعبہ مستند دینی مواد تیار اور شائع کرتا ہے جس میں قرآنِ مجید کا اردو اور انگریزی ترجمہ، الہدیٰ کی نصابی کتب، روزمرہ زندگی کے امور سے متعلق کتب، پمفلٹس، کارڈز، پوسٹرز وغیرہ شامل ہیں۔ان مطبوعات کو مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے آن لائن بھی منگوایا جا سکتا ہے۔

**برائے تفصیلات:** www.alhudapublications.org

**الہدیٰ نیوز لیٹر:** عوام الناس کو الہدیٰ میں ہونے والی علمی و فلاحی سرگرمیوں سے آگاہ رکھنے کے لئے سال میں تین مرتبہ نیوز لیٹر کا اجراء کیا جاتا ہے۔

**میڈیا سیکشن:** اس سیکشن کے تحت قرآن مجید کی قراءت، ترجمہ و تفسیر، حدیث، دعائیں اور زندگی کے اہم امور سے متعلق آڈیوز اور ویڈیوز تیار کی جاتی ہیں جو

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

الہدیٰ ویب سائٹس، یوٹیوب، ٹیلی گرام اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اپ لوڈ کر دی جاتی ہیں۔ اس میں سے بیشتر مواد فری ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت موجود ہے۔

**ریڈیو اور ٹی وی پروگرامز:** ابلاغِ عامہ کے تحت مختلف ایف ایم ریڈیو چینلز اور اندرون و بیرون ملک ٹی وی اور کیبل چینلز سے نہ صرف قرآن مجید کا لفظی ترجمہ و تفسیر بلکہ دیگر دینی امور سے متعلق پروگرامز بھی نشر کیے جاتے ہیں۔

## Websites

www.alhudapk.com
www.farhathashmi.com

## Social Media Links

**YouTube:** @drfarhathashmiofficial
**Facebook:** @DrFarhatHashmi
@humansofalhuda
**Twitter-X:** @FarhatHashmi
**Instagram:** @farhathashmi
@humansofalhuda

## WhatsApp Channels

AlHuda International
Farhat Hashmi
AlHuda Publications

## قرآن سب کے لیے؛ ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

Farhat Hashmi WhatsApp Channel

Al Huda International WhatsApp Channel

Al Huda Publications WhatsApp Channel

Al Huda International Apps

Al Huda Social Media Handles

AL HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

# موبائل ایپس (Mobile Apps)

شعبہ نشرواشاعت کے تحت جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے قرآن وحدیث کی تعلیم کو آسان اور قابلِ رسائی بنانے کے لیے مختلف مؤثر ذرائع اپنائے گئے ہیں۔ انہی میں سے ایک اہم ذریعہ الھدیٰ کی موبائل ایپس ہیں، جن میں سے چند ایک کا تعارف پیشِ خدمت ہے:

**Qur'an for All:** اس ایپ میں قرآن مجید کے لفظی ترجمہ وتفسیر، حدیث نبوی ﷺ، علوم القرآن، علوم الحدیث، عقیدہ، سیرت النبی ﷺ، فقہ العبادات، تعارفِ ادیان، ابلاغ دین، دعائیں واذکار اور دیگر موضوعات پر مشتمل تقریباً 30 ہزار سے زائد آڈیوز موجود ہیں۔

**Learn Qur'an:** ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی آڈیو تفسیر پر مشتمل یہ ایپ ہر اس شخص کے لیے ہے جو قرآن مجید کو گہرائی سے سمجھنا چاہتا ہے۔ کسی بھی ایک آیت پر کلک کرنے سے بیک وقت اس آیت کی تلاوت، تجوید اور ترجمہ وتفسیر سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔

**Qurani Qaida:** یہ ایپ قرآن مجید کی درست مخارج کے ساتھ تلاوت سیکھنے کا آسان، دلکش اور interactive ذریعہ ہے، آپ اس ایپ کے read behind فیچر کے ذریعے استاد کے پیچھے سبق دہرانے کا عملی تجربہ کرسکتے ہیں۔

**Wa Iyyaka Nastaeen:** یہ ایپ صبح وشام کے اذکار، دشمن کے شر، وسوسوں، نظر بد، جادو، جنات وشیاطین سے حفاظت کی دعاؤں کے علاوہ دیگر بہت سے اہم مواقع کی دعاؤں پر مشتمل ہے۔

**Duas | دعائیں:** یہ دعاؤں کی جامع ایپ ہے جس میں مختلف موضوعات کے تحت 800 کے قریب دعائیں موجود ہیں۔ اس کے علاوہ دعاؤں کی مختلف کتب بھی اس ایپ کا حصہ ہیں۔

**Al-Huda Live:** اس ایپ کے ذریعے لائیو لیکچرز کو براہِ راست نشر کیا جاتا ہے۔ اسی ایپ میں یہ لائیو لیکچرز مختلف ٹائم زونز میں رہنے والوں کے لئے 24 گھنٹوں کے اندر اپ لوڈ کردیئے جاتے ہیں تاکہ سہولت کے مطابق بعد میں بھی سنے جاسکیں۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

# مشترکہ مقصد۔ مشترکہ کوشش

آئیے! ان کوششوں میں ہمارا ساتھ دیجئے۔

اپنے وقت، صلاحیت اور سرمائے سے صدقہ جاریہ کے کاموں میں اپنا حصہ ڈالیے۔

آپ اپنے عطیات درج ذیل اکاؤنٹ میں جمع کرواسکتے ہیں۔

## Account Title:

**Al-Huda International Welfare Foundation**
**Account Number**: 03160104783594
**IBAN Number**: PK13MEZN0003160104783594
**Swift Code**: MEZNPKKAGRD
**Email:** donations@alhudapk.com
**Donation Help Line:** 00923364444639

Donate online Portal

## REGIONAL OFFICES

**Karachi:** 0335-5346999021-35171136-37
reg.office.khi@alhudapk.com

**Hyderabad:** 0336-0824358
reg.hyd@alhudapk.com

**Lahore:** 0323-8434353, 042-35778800
reg.office.lhr@alhudapk.com

**Multan:** 0331-7022621, 061-6212311
reg.multan@alhudapk.com

**Peshawar:** 0303-8884444, 091-5830398
reg.pesh@alhudapk.com

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

November 2025 | E11-P1

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن

7-اے، کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد، پاکستان

+92-51-4866125-9 | +92-51-4866150-1

**email: info@alhudapk.com**

**www.alhudapk.com | www.farhathashmi.com**

**www.alhudapublications.org**